









**بقیہ 1**

کشمیری عوام کی حقیقی آواز کو دنیا کے سامنے پیش کرنا ہے۔ کانفرنس میں دنیا بھر سے کشمیری رہنما، انسانی حقوق کے کارکن، بین الاقوامی ماہرین اور پالیسی ساز شریک ہوں گے، جو مسئلہ کشمیر کے قانونی، تاریخی اور سیاسی پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کریں گے۔ کشمیر گلوبل کونسل کا کہنا ہے کہ یہ تنازعہ محض بھارت اور پاکستان کے درمیان دو طرفہ مسئلہ نہیں بلکہ ایک عالمی انسانی و سیاسی مسئلہ ہے، جس میں کشمیری عوام بنیادی فریق ہیں، جنہیں طویل عرصے سے نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ کانفرنس کے دوران ایک نمایاں اور تاریخی اقدام کے طور پر "کشمیر سینیٹ" کے قیام کا بھی اعلان کیا جائے گا۔ یہ سینیٹ جموں و کشمیر کے تمام خطوں اور دنیا بھر کی کشمیری برادری کی نمائندگی کرے گی، اور کشمیریوں کی اجتماعی سیاسی خواہشات اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے ایک مربوط پلیٹ فارم کا کردار ادا کرے گی۔ کشمیر گلوبل کونسل نے کہا ہے کہ 13 جولائی 1931 کو سرینگر میں 22 بے گناہ کشمیریوں کی شہادت صرف تاریخ کا حصہ نہیں بلکہ تحریک آزادی کا سنگ میل ہے۔ اس دن کی یاد مناتے ہوئے ہمیں ان شہداء کی قربانیوں کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا ہے جنہوں نے ظلم و جبر کے خلاف آواز بلند کی۔ کونسل کا کہنا تھا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ مسئلہ کشمیر کو جیو پولیٹیکل مفادات یا نوآبادیاتی معاہدوں کی بجائے، کشمیری عوام کی امنگوں اور بین الاقوامی قانون کی روشنی میں دیکھا جائے۔ کشمیر کا مستقبل صرف کشمیری عوام کی مرضی سے طے ہونا چاہیے۔ کشمیر گلوبل کونسل نے اقوام متحدہ، عالمی انسانی حقوق کے اداروں، اور دنیا بھر کی حکومتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کشمیری عوام کے ساتھ عملی یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور ان کے بنیادی حق، حق خودارادیت، کو تسلیم کریں۔ کانفرنس کی حتمی تاریخ اور تفصیلات جلد جاری کی جائیں گی۔ یہ کانفرنس یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر ایک تاریخی اور سفارتی پیش رفت قرار دی جا رہی ہے، جو مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل کی جانب ایک مؤثر قدم ثابت ہو سکتی ہے۔

کاشف نذیر، سردار دانش نذیر سمیت خاندان کے جملہ افراد نے بھرپور انداز میں خوش آمدید کہا اور بھرپور میزبانی کے فرائض انجام دیے۔ تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے نمبردار نذیر خان کی عوامی خدمات اور سماجی کردار کو سراہتے ہوئے اس موقع پر ان کے ساتھ محبت و عقیدت کا اظہار کیا۔ صحافتی، سماجی اور سیاسی حلقوں میں اس تقریب کو ایک بڑی سیاسی یکجہتی کی علامت بھی قرار دیا گیا، جہاں ہر مکتبہ فکر اور ہر سیاسی رنگ کے افراد ایک چھت تلے جمع ہو کر باہمی احترام، بھائی چارے اور علاقائی اتحاد کی خوبصورت مثال بنے۔ مہمانوں کی کثیر تعداد اور متنوع شرکت نے اس شادی کی تقریب کو ایک یادگار اجتماع میں بدل دیا، جس نے نہ صرف نمبردار نذیر خان کے خاندان کی عوامی مقبولیت کا مظاہرہ کیا بلکہ اس بات کو بھی واضح کیا کہ علاقائی سطح پر باہمی تعلقات، خدمت خلق اور خلوص نیت سے کیے گئے کام کس قدر گہرے نقوش چھوڑتے ہیں۔ آخر میں نمبردار نذیر خان، نمبردار ظہور خان نے تمام مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آمد نے اس تقریب کو یادگار بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ محبتیں اور تعلقات ہی اصل سرمایہ ہیں، اور وہ ہمیشہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی سیاسی و سماجی خدمات جاری رکھیں گے۔

**بقیہ 8**

حکومت، سیکرٹری ڈیفنس سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ فریقین درخواست گزاروں کو ملٹری کورٹ فیصلوں اور کارروائی کا مکمل ریکارڈ فراہم کریں۔ عدالت نے قرار دیا کہ درخواست گزاروں کو ملٹری کورٹ فیصلوں اور عدالتی کارروائی کا ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ 9 اور 10 مئی کو توڑ پھوڑ میں ملٹری کورٹ نے ملزمان کو سزائیں سنائیں، ملزمان کا تعلق بنوں، 2 کا چکدرہ اور 2 کا تعلق لوئر دیر سے ہے، سپریم کورٹ نے سویلین ملٹری کورٹ ٹرائل کو قانونی قرار دیا۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں ملزمان کو اپیل کا حق دیا ہے۔

